تحفۃ الواعظین مصنف: علامہ ابو الفرج عبد الرحمٰن بن الجوزیؒ - مترجم: مولانا محمد ظہیر الدین
ناشر: قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ کراچی ۱ - صفحات: ۳۲۴ - قیمت: ۳۳/- روپے

اس کتاب کے مصنف علامہ ابن الجوزیؒ (متوفی ۵۹۷ھ) ہیں جو اپنے علم و فضل، تفقہ فی الدین، زہد و ورع اور وسعتِ قلب و نگاہ کے اعتبار سے ائمہ سلف میں ایک ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ قرآن و حدیث اور فقہ کے متعلق علوم و فنون اور اسلامی زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں آپ کی تصانیف کی تعداد ڈھائی سو سے بھی متجاوز ہے۔ اور یہ ساری کتابیں اپنی جامعیت اور ثقاہت کے اعتبار سے اہلِ علم کے نزدیک مراجع کی حیثیت رکھتی ہیں۔

اصل عربی کتاب کا نام "کتاب القصاص والمذکرین" ہے۔ اور مصنف کی دیگر تصانیف کی طرح اپنے اندر جامعیت اور ثقاہت کے تمام پہلوؤں کو سموئے ہوئے ہے۔ کتاب کے بارہ ابواب ہیں۔ جن میں وعظ کی اہمیت، مختصر تاریخ، ضروری شرائط و آداب اور تاریخِ اسلام کے ممتاز واعظین اور خطبات کے تذکرے کے ساتھ ساتھ ان امور کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے جن سے واعظ حضرات کو اجتناب کرنا چاہیے اور ساتھ ہی ان نام نہاد واعظین کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے جن کا وعظ دعوت و تزکیہ کے بجائے فساد اور بگاڑ کا باعث ثابت ہوتا ہے۔

جہاں تک کتاب کے ترجمے کا تعلق ہے، اس میں سلاست اور روانی کے باوجود بعض مقامات پر ترجمے کا قدیم رنگ بھی جھلکتا دکھائی دیتا ہے۔

بحیثیت مجموعی یہ کتاب وعظ گوئی سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے مفید بھی ہے اور دلچسپ بھی۔ (ا - د - ترابی)

اسلام اور کمیونزم مصنف: صابر نظامی - ناشر: ادارہ تفہیم الاسلام، قذافی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۰۰ قیمت: ۲۵/- روپے

زیر نظر کتاب تصنیف سے زیادہ تالیف ہے کیونکہ اس میں دوسرے اہلِ قلم حضرات